© rasailojaraid.com

شیطان جو پہلے دن سے ہی ذریت آدم کے پیچھے لگ گیا تھا کبھی تو وہ خوف اور امید کے مہیب اور خوشنما دیوتاؤں کی شکل میں باہر سے حملہ کرتا ہے اور کبھی خود انسان کے حجلۂ دماغ میں ہر دلعزیزی اور عزت طلبی کے گمراہ کن مفہوم کی فریب کاریوں اور باطل آرائیوں کے ساتھ اندر سے حملہ آور ہوتا ہے پس اس کے تباہ کن حملوں سے بچنے کے لئے قرآن کا یہ فیصلہ ہر وقت پیش نظر رہنا چاہئے کہ۔

لِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ (۶۳ : ۱)

(حقیقی) عزت تو صرف اللہ اور اس کے رسول اور مومنین کے لئے ہے لیکن یہ منافق (اس حقیقت کو) سمجھتے نہیں۔

---



# اقبال نمبر

مسلمانوں کا اور دنیائے اسلام کا

## اقبال نمبر

علامہ سر اقبال کے حالات زندگی اور ان کی شاعری پر ایک نہایت اعلیٰ کتابی صورت میں لاہور کے مشہور رسالہ نیرنگ خیال کا اقبال نمبر شایع ہوا تھا۔ یہ وہی ہے جو کتابی صورت کے ساڑھے چار سو صفحات پر پھیلا ہوا ہے۔ علامہ سر اقبال کی تازہ ترین تصویر اور بہت سی دیگر تصاویر بھی اس میں موجود ہیں۔

علامہ سر اقبال کے حالات زندگی اور ان کی شاعری کو سمجھانے کے لئے ہندوستان کے ایک درجن سے زاید اہل قلم نے نہایت قیمتی مضامین رقم فرمائے ہیں۔ یہ کتاب ہندوستان کے ہر پڑھے لکھے گھر میں ہونی لازمی ہے۔ قیمت دو روپیہ محصول ڈاک ۵ ر۔ لیکن چند مہینوں کے لئے یہ کتاب صرف ۱ ارعہ محصول میں ملے گی آج ہی آرڈر دیجئے۔ علامہ سر اقبال کی دیگر تصانیف۔ بانگ درا۔ (اردو کلام) ۱۲ اسرار و رموز فارسی مثنویاں عہ۔ پیام مشرق (۱ ) زبور عجم للعہ جاوید نامہ صہ

ملنے کا پتہ نیرنگ خیال بک ڈپو شاہی محلہ لاہور


© rasailojaraid.com